© rasailojaraid.com

مصر سے آئے دن غلاف نہ آنے کی مصیبت کا مستقل علاج کر دیا جائے۔ اس کارخانے میں مولانا اسمٰعیل غزنوی مرحوم کی مدد سے ہندوستان کے بہت سے کاریگر فراہم کیے گئے تھے۔ کچھ مدت تک وہیں غلاف تیار کیا جاتا رہا۔ پھر سعودی حکومت اور مصر کے تعلقات درست ہو گئے اور وہاں سے غلاف کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اب پچھلے سال وہی قضیہ پھر پیش آیا اور سیاسی تعلقات کی خرابی نے مصری غلاف کی آمد کا سلسلہ منقطع کر دیا۔ اسی کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ایک مدت دراز کے بعد اس سال پاکستان کی سرزمین پر غلاف کا کپڑا تیار ہو رہا ہے۔ پورے غلاف کے لیے ایک ہزار گز کپڑا درکار ہوتا ہے۔ پاکستان سے صرف یہ کپڑا ہی بنا کر بھیجا جا رہا ہے۔ زری کے کام کی پٹی مکہ معظمہ کے دار الکسوہ میں تیار کی جائے گی۔

---

## "تفہیم القرآن" کا پشتو ترجمہ

شائقینِ تفہیم القرآن کے لیے یہ خبر موجبِ مسرت ہو گی کہ "تفہیم" کے پشتو میں ترجمہ اور اشاعت کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ سورۂ فاتحہ اور سورۂ بقرہ پر مشتمل ۲۰۰ صفحات کی پہلی جلد عنقریب چھپ کر منظرِ عام پر آنے والی ہے۔ ہدیہ فی جلد صرف ڈھائی روپے، علاوہ محصول ڈاک۔ جو حضرات اپنے لیے ایک یا زائد نسخے یا مخیر حضرات مفت تقسیم کی غرض سے متعدد نسخے خرید کر اس کارِ خیر میں حصہ لینا چاہیں وہ اپنی فرمائشیں اور رقوم مولانا راحت گل صاحب، جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور کے نام ارسال فرما سکتے ہیں۔

اس گراں قدر تالیف کی اشاعت میں بعض مالی دشواریاں درپیش ہیں، اس لیے جو اصحابِ استطاعت اس میں پیشگی تعاون فرمائیں گے، انشاء اللہ اجرِ خیر کے مستحق ہوں گے۔

خاکسار غلام علی، معاونِ خصوصی مولانا ابوالاعلیٰ مودودی

© rasailojaraid.com